بھی استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

بہر صورت ہم نہایت خوش دلی سے شریعت بل کے نفاذ کا خیر مقدم کرتے ہیں بشرطیکہ صحیح معنوں میں اس کا نفاذ ہو آئین یا نظام اگر محض زینت لوح و قلم رہے تو اس سے سخت بد دلی پیدا ہوتی ہے اصل مرحلہ نفاذ کا ہے۔ چونکہ حکمران نیک نیت ہے صالح ہے محب وطن ہے غریبوں کا درد اپنے دل میں رکھتا ہے اس لیے ہمیں اُمید کرنی چاہیے کہ اللہ کی مدد شامل حال ہوگی اور نفاذ کا مشکل ترین مرحلہ خلوص نیت کی بدولت طے ہو جائے گا انشاء اللہ العزیز۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تَنصُرُوا اللَّهَ يَنصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ۔ (سورۃ محمد: ۷)

ترجمہ: اے ایمان والو! اگر تم اللہ کی مدد کرو گے۔ تو وہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے قدم جمائے گا۔

اندکے پیش تو گفتم غمِ دل ترسیدم
کہ تو آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

وما علینا الا البلاغ